## پشاور ریگی چیک پوسٹ پر ریموٹ کنٹرول دھماکہ کا نوٹس لیا جائے، الطاف حسین

لندن۔۔۔03، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے ریگی قبرستان کی چیک پوسٹ کے نزدیک ریموٹ کنٹرول دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے کو بزدلانہ کارروائی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ دھماکہ میں ملوث دہشتگردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے، جناب الطاف حسین نے دھماکہ سے چیک پوسٹ پر تعینات پولیس اہلکاروں کی شہادت وزخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام دشمن درندہ صفت طالبان دہشت گرد اسلام کا نعرہ لگا کر مسلمان بھائیوں، بہنوں، بچیوں بزرگوں اور بچوں کو نشانہ بنا رہے ہیں جو کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے چیک پوسٹوں، مارکیٹوں، پبلک مقامات، سیکورٹی فورسز کی چوکیوں، دفاعی تنصیبات، مسلح افواج اور دیگر حساس مقامات کو نشانہ بنانے کا مقصد ملک کو نہ صرف کمزور کرنا بلکہ عوام وسیکورٹی فورسیز میں خوف وہراس پیدا کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اب تک صرف پشاور شہر میں درجنوں مقامات پر دھماکے کیے جاچکے ہیں جس میں ہزاروں بے گناہ معصوم شہری خواتین، بچے، بچیاں، بزرگ، پاک فوج کے جوان، پولیس اہلکار اور دیگر سیکورٹی فورسیز کے اہلکار شہید ہوچکے ہیں۔الطاف حسین نے ریگی قبرستان چیک پوسٹ پر ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اوران کے بلند درجات کیلئے دعا کی۔انہوں نے زخمی ہونے والوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور ریگی قبرستان چیک پوسٹ پر ریموٹ کنٹرول دھماکہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے اور دہشت گردی اور دہشت گردوں کے نیٹ ورک کے خاتمہ کیلئے جدید اور سائنسی آلات کے استعمال کو یقینی بنایا جائے۔جناب الطاف حسین نے عوام سے بھی اپیل کی وہ اپنے اردگرد کے ماحول سے باخبر رہیں اور زخمی کیلئے زیادہ سے زیادہ خون کے عطیات دیں۔

## پارہ چنار سے پشاور تک کے راستے کو طالبان دہشتگردوں سے محفوظ بنایا جائے، علماء پارہ چنار جعفریہ الائنس کے رہنماؤں کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔3، دسمبر 2009ء

جعفریہ الائنس پاکستان کرم ایجنسی پاراچنار کے ایک نمائندہ وفد نے جعفریہ الائنس کے صدر علامہ عباس کمیلی کی سربراہی میں گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور سلیم تاجک سے ملاقات کی۔اس موقع پر ایم کیوصوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ علماء کے وفد نے رابطہ کمیٹی کے ارکان کو کرم ایجنسی پارہ چنار کے مسائل سے آگاہ کیا اورانہیں حل کرانے کی درخواست کی۔وفد میں علامہ باقر علی حیدری، حاجی رحمت علی، مولانا سید حسین شاہ رضوی، محمد علی شاکری، مولانا رجب علی، حاجی غلام حیدر خان، سید نقی شاہ، تنویر علی، گل حسین، جمال حسین، طاہر علی، محمد علی اور اقبال حسین شامل تھے۔ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے علماء کے وفد کو آگاہ کیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ اتحاد بین المسلمین کا درس دیا ہے اور ایم کیوایم تمام مذاہب، اور مسالک اوران کے عقائد کا مکمل احترام کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت نازک دور سے گزر رہا ہے ایسے حالات میں باہمی اتحاد کے ذریعے ملکی سلامتی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے وفد کو یقین دلایا کہ انسانی ہمدردی کی بناء پر پارہ چنار سے پشاور آنے کے راستہ کھلوانے کیلئے ایم کیوایم ہر فورم پر آواز اٹھائے گی۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے حکومت سے اپیل کی کہ جس طرح دیگر ایجنسی سے نقل مکانی کرنے والوں کو سہولیات فراہم کی جارہی ہے اسی طرح پارہ چنار سے نقل مکانی کرنے والوں کو بھی سہولیات فراہم کی جائے۔وفد کے ارکان نے متحدہ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کو گلگت بلتستان میں حق پرست نمائندوں کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ متحدہ کے حق پرستی کی روشنی کی کرنیں پورے ملک میں پھیل رہی ہے اور وہ دن دور نہیں جب ہر مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہونگے۔وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وتندرستی، ایم کیوایم کی کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## سندھ بزرگ سیاستدان رئیس بخش مگسی اور بشیر میانداد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔03دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے روزنامہ ڈیلی نیوز کے سینئر رپورٹر وسینئر صحافی ایوب جان سرہندکی والدہ شہربانو،سندھ کے بزرگ سیاست دان رئیس بخش مگسی اورممتاز عالمی کرکٹر جاوید میانداد کے بھائی بشیر میانداد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم نے پنجاب میں تنظیم نو کے سلسلہ میں پنجاب کو چار زونوں میں تقسیم کر کے مرحلہ وار تنظیم سازی کا عمل شروع کردیا ہے،ایم کیوایم پنجاب اعلامیہ

لاہور۔۔۔۔۔۔3،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے ایک اعلامیہ کے مطابق ایم کیوایم نے پنجاب میں تنظیم نو کے سلسلہ میں پنجاب کو چار زونوں میں تقسیم کر کے مرحلہ وار تنظیم سازی کا عمل شروع کردیا ہے۔تنظیم نو کے پہلا مرحلہ میں راولپنڈی زون سے کارکنوں کے انٹرویو کیئے جا چکے ہیں ،دوسرے مرحلہ میں ملتان زون اور بلترتیب تیسرے مرحلہ میں فیصل آباد زون،جبکہ چوتھے اور آخری مرحلہ میں لاہور زون سے کارکنوں کے انٹرویو کیئے جارہے ہیں۔اعلامیہ کے مطابق تمام زونوں سے کارکنوں کے انٹرویوز کے بعد ہرزون کی علیحدہ کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو بعد میں ضلع کی سطح پر تنظیم سازی کرے گی اور اسی طرح پنجاب کی تمام تحصیل اور یونین کونسل کی سطح پر کارکنوں کو مزید متحرک کرنے اور تنظیمی کام میں بہتری کے لیئے ضلع اور تحصیل کی کمیٹیاں اپنا کردار ادا کریں گی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے ممتاز کرکٹر وسابق کپتان وسیم اکرم کی اہلیہ(مرحومہ)ہماءوسیم کے چہلم میں شرکت کی

لاہور۔۔۔۔۔۔3،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پنجاب کے وفد نے ممتاز کرکٹر وسابق کپتان وسیم اکرم کی اہلیہ(مرحومہ)ہماءوسیم کے چہلم میں شرکت کی اوراللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ مرحومہ ہماءوسیم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران ولواحقین کو صبر جمیل عطاءفرمائے۔(آمین)۔تعزیت کرنے والے وفد میں رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر علی حسین،اراکین کنونشن کمیٹی عنصر علی بُٹر،مقصود اعوان ایڈووکیٹ سمیت ڈاکٹر افتخار حسین بخاری اور کارکنوں کی بڑی تعداد شامل تھی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔03دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ109 کے کارکن عادل ضیاءکی والدہ عشرت جہاں،ایم کیوایم لیبر ڈویژن بلدیہ ٹاؤن یونٹ کمیٹی کے رکن سراج الدین کے بڑے بھائی غیاث الدین،ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سندھ گورنمنٹ ہسپتال نیوکراچی یونٹ کے کارکن غلام علی کی والدہ صغراں بیگم اور ایم کیوایم سکھر زون کی زونل کمیٹی کے رکن محمد مضف خان کی والدہ حنیفہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)دریں اثناءآل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن مرکزی کابینہ کے اراکین نے بھی سیکٹر ڈی کے سابق جوائنٹ سیکٹر آرگنائزر عادل ضیاءکی والدعشرت جہاں کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت،بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## نائن زیروشعبہ ٹرانسپورٹ کے کارکن محمد شاہد کے صاحبزادے شاہ میر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔03 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے نائن زیروشعبہ ٹرانسپورٹ کمیٹی کے رکن محمد شاہد کے نوسالہ صاحبزادے شاہ میر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شاہ میر مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ،شعبہ ٹرانسپورٹ کمیٹی کے اراکین اور شعبہ جات کے ارکان نے بھی محمد شاہد سے ان کے صاحبزادے کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے بلند درجات اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔علاوہ ازیں شاہ میر کو میوہ شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم تاجک،شعبہ جات کے اراکین،اسکیم 33 گلشن اقبال سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹ کے ذمہ داران،کارکنان،ٹاؤن و یوسی ناظمین،کونسلرز اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## عوام وکارکنان سے خدیجہ بیگم کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔03 دسمبر 2009ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم برطانیہ برمنگھم یونٹ کے کارکن انعام قریشی کی والدہ محترمہ خدیجہ بیگم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے حق پرست عوام وکارکنان سے اپیل کی کہ وہ محترمہ خدیجہ بیگم کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالی کے حضور دعا کریں۔

## طاہرہ زیدی اور یوسف شہوانی سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔03 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ شعبہ خواتین کی کارکن طاہرہ زیدی کے بھائی اور ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی کی دادی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے (آمین)

## ممتاز کرکٹر جاوید میانداد کے بھائی بشیر میانداد کو سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔

## نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست صوبائی وزراء،ارکان اسمبلی،ناظم صدر ٹاؤن ومرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت

کراچی۔۔۔03 دسمبر 2009ء

ممتاز کرکٹر جاوید میانداد کے بھائی بشیر میانداد کو سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز عشاء مسجد فاروق اعظم بوٹ بیسن میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ و تدفین میں حق پرست صوبائی وزراء رؤف صدیقی،ڈاکٹر محمد علی شاہ،حق پرست ارکان اسمبلی وسیم اختر خواجہ سہیل منصور،مقیم عالم،ناظم صدر ٹاؤن محمد دلاور،ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان،اسپورٹس سے تعلق رکھنے والی شخصیات،شہر کے ممتاز سیاسی،مذہبی وسماجی شخصیات،معززین شہر اور مرحوم کے عزیز اقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔علاوہ ازیں حق پرست رکن قومی اسمبلی خوش بخت شجاعت اور نائب ناظمہ کراچی نسرین جلیل نے مرحوم کے گھر جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مرحوم کے اہل خانہ سے تعزیت کی اور انہیں دلاسہ دیا۔

## ڈیفنس فیز 2 کمرشل ایریا کے رہائشی گل ولد گل محمد خان کا ایم کیو ایم سے کوئی تعلق نہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔03دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈیفنس فیز 2 کمرشل ایریا کے رہائشی گل ولد گل محمد خان سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گل ولد گل محمد خان جو کہ ایک جرائم پیشہ شخص ہے اور مختلف جرائم میں ملوث پایا گیا ہے اور خود کو ایم کیو ایم کا کارکن ظاہر کرتا ہے۔ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ وہ ڈیفنس فیز 2 کمرشل ایریا کے رہائشی گل ولد گل محمد خان کا ایم کیو ایم سے قطعی کوئی تعلق نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام سے اپیل کی وہ ایم کیو ایم کا نام استعمال کرکے ایم کیو ایم بدنام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کی اطلاع فوری طور پر نائن زیرو پر کریں۔

☆☆☆☆☆